**AQF / Shabbir**

**04-12-2024**

**08.30 Hrs**

**HL-Opening**

آ کاشوانی سے پیش ہے خبرنامہ

(**Music**)

آداب: خبرنامے کے ساتھ میں ضمیر رضوی

پہلے اِس وقت کی خاص خاص خبریں

---

1 مہاراشٹر **BJP** قانون ساز پارٹی، اپنا رہنما منتخب کرنے کیلئے آج ممبئی میں میٹنگ منعقد کرے گی۔

2. اِسرو، آج دوپہر سری ہری کوٹہ سے، یوروپی خلائی ایجنسی کے **Proba 3** سیارچے خلاء میں بھیجے گی۔

3. آج بھارتی بحریہ کے دن کی تقریبات منائی جارہی ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، اُڈیشہ کے شہر **Puri** میں منعقد کی جارہیں اِن تقریبات میں شرکت کریں گی۔

4. برطانیہ نے اپنے شہریوں کو، بنگلہ دیش میں دہشت گردانہ حملوں کے بڑے خطرے سے خبردار کیا ہے۔

5. برطانیہ کے ارکان پارلیمنٹ نے بنگلہ دیش میں ہندو برادری کی نسل کُشی پر تشویش ظاہر کی ہے۔

6. جنوبی کوریا کے صدر نے مارشل لاء نافذ کئے جانے کے چند گھنٹے بعد ہی، اِسے ختم کردیا ہے۔

7. اور : مردوں کے جونیئر ایشیا کپ ہاکی میں بھارت نے ملیشیا کو تین-ایک سے ہرایا اور اب فائنل میں بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

(**Music**)

اب خبریں تفصیل سے۔

**MAHA-BJP MEETING**

مہاراشٹر کے نو منتخبہ **BJP** اراکینِ اسمبلی آج ممبئی میں اپنے لیڈر کا انتخاب کرنے کے لیے میٹنگ کریں گے۔ قانون ساز پارٹی کا رہنما چننے میں مدد کرنے کے لیے **BJP** نے مرکزی وزیر خزانہ نرملا سیتا رمن اور گجرات کے سابق وزیراعلیٰ وجے روپانی کو مشاہدین کے طور پر مقرر کیا ہے۔ مہاراشٹر کے نئے وزیراعلیٰ کی حلف برداری کی تقریب کل شام پانچ بجے ممبئی کے آزاد میدان میں ہوگی، جس میں وزیراعظم نریندر مودی بھی شرکت کریں گے۔ سینئر **BJP** رہنما اور سابق وزیراعلیٰ دیوندر پھڑنویس کو وزیراعلیٰ کے عہدے کے لیے سب سے مضبوط دعویدار سمجھا جا رہاہے۔ **BJP** کی قیادت والے مہایوتی اتحاد نے مہاراشٹر اسمبلی انتخابات میں زبردست جیت حاصل کی ہے۔**x**

**ISRO-PSLV C-29 LAUNCH**

بھارت کی خلائی تحقیق کی تنظیم اِسرو، آج سہ پہر چار بج کر آٹھ منٹ پر **PSLV-C59-Proba 3** مشن خلاء میں بھیجے گی۔ یہ مشن سری ہری کوٹہ میں قائم ستیش دھون خلائی مرکز سے بھیجا جائے گا۔ **Proba 3**، اِسرو کا، نیو اسپیس انڈیا لمیٹڈ، تجارتی مشن ہے۔ **PSLV-C59**، یوروپ کی خلائی ایجنسی کے **Proba 3** سیارچوں کو، انتہائی بیضوی مدار میں پہنچائے گا۔ اس کیلئے اُلٹی گنتی کل دوپہر دو بج کر **38** منٹ پر شروع کی گئی تھی، جو لگاتار جاری ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے۔ **V-C Joy**

*سری ہری کوٹہ میں راکٹ میں، رقیق ایندھن بھرنے کا عمل جاری ہے اور اِسرو کے سائنس داں لگاتار راکٹ کے کُل پرزوں کی جانچ کر رہے ہیں۔ **Proba 3** ، **144** میٹر طویل سیارچہ ہے، جس کا وزن **3** ہزار **550** کلوگرام ہے اور اس میں دو سیارچے ہیں۔ ان سیارچوں کو ایک ساتھ داغا جائے گا۔ اس میں سے الگ سیارچے کا وزن **310** کلوگرام ہے اور یہ سورج کی باہری سطح کی تحقیقات کرے گا۔ اس کے علاوہ اس میں **Oculter** سیارچہ ہے، جس کا وزن **240** کلوگرام ہے، جو سورج کے اردگرد سائنسی تجربات کرے گا۔ یہ دونوں ہی سیارچے ایک مشن کے تحت بھیجے جارہے ہیں، جو خلاء میں ایک دوسرے کے قریب رہ کر گردش کریں گے اور کارکردگی انجام دیں گے۔*

*چنئی سے جوائے کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلئے ......*

**PREZ-NAVY DAY**

صدر جمہوریہ دروپدی مرمو آج دوپہر اڈیشہ کے شہر **Puri** میں بلو فلیگ **Beach** پر، بحریہ کے دن کی تقریبات میں مہمان خصوصی کے طور پر شرکت کریں گی۔ تقریبات میں **15** بحری جہازوں، آبدوزوں اور **40** سے زیادہ طیارے کرتب دکھائیں گے، جس میں بحری کمانڈوز اور بھارتی بحریہ کا عملہ بھی حصہ لے گا۔ بحریہ کی صلاحیتوں اور بھارت کے سمندر سے متعلق مفادات کی حفاظت کیلئے خود کو وقف کردینے کو اجاگر کرنے کے مقصد سے اس تقریب میں **MiG-29K** اور **Hawk** جنگجو جیٹ طیارے فضائی کرتب دکھائیں گے۔ **MARCOS** کی طرف سے جنگی مشقیں، آبدوز کی کارکردگی، زمین اور پانی پر اُترنے اور جنگی جہازوں سے راکٹ داغے جانے کی مشقیں پیش کی جائیں گی۔

ایک رپورٹ۔ **V-C Parkash Dash**

*بھارتیہ بحریہ کا دن ہر سال چار دسمبر کو منایا جاتا ہے۔ یہ دن **1971** کی جنگ کے دوران بحریہ کی فیصلہ کُن کارروائی **Trident** کی یاد میں منایا جاتا ہے۔ جب بھارتی میزائل کشتیوں نے، کراچی بندرگاہ کو زبردست نقصان پہنچایا تھا۔ اِس سال اِس تقریب میں **Puri** کے بلوفلیگ ساحل پر مشق پیش*

کی جائے گی۔ اس تقریب میں صدر جمہوریہ دروپدی مرمو بھی شرکت کریں گی، جو بھارتی مسلح فوجوں کی سپریم کمانڈر بھی ہیں۔تقریب میں بھارتی بحریہ قزاقی کی روک تھام کے مشنوں، انسانی ہمدردی کی بنیاد پر کی جانے والی مدد اور عالمی بحری مشقوں کا مظاہرہ کرے گی۔تقریب میں 62 بحری جہازوں اور آبدوزوں کی کارکردگی بھی پیش کی جائے گی، جنہیں ملک ہی میں تیار کیا گیا ہے اور جن میں مصنوعی ذہانت AI روبوٹکس اور کوانٹم کمپیوٹنگ ٹیکنالوجی کا استعمال کیا گیا ہے۔ صدر مرمو کل سے اپنے وطن اڑیشہ کے پانچ روزہ دورے پر ہیں۔ وہ Puri میں شری جگن ناتھ مندر جائیں گی اور گوپا بندھو آیورویدمہا ودیالیہ کی، 75 سال پورے ہونے کی تقریبات میں بھی شرکت کریں گی۔

بھوبنیشور سے پرکاش داش کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے میں ......

## KUWAIT FM

کویت کے وزیر خارجہ عبداللہ علی Al Yahya بھارت کے دو روزہ دورے پر کل رات نئی دلّی پہنچ گئے۔ وہ آج وزیراعظم نریندر مودی سے ملاقات کریں گے۔ وہ وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر سے بھی ملیں گے۔ ایک سوشل میڈیا پوسٹ میں وزارت خارجہ نے کہا کہ اس دورے سے بھارت-کویت کثیر جہتی تعلقات میں اور زیادہ استحکام پیدا ہوگا۔×

## CBIC MEDIA REPORT

بالواسطہ ٹیکسوں اور کسٹمز کے مرکزی بورڈ CBIC نے میڈیا کی ان خبروں کو مسترد کردیا ہے، جن میں کہا تھا کہ وزیروں کے گروپ نے مختلف اشیاء اور خدمات پر عائد GST شرح میں تبدیلی کی سفارش کی ہے۔ بورڈ نے کہا ہے کہ اس طرح کی خبریں قبل از وقت اورمحض قیاس آرائی ہیں۔ CBIC نے کہا کہ GST کونسل کو، وزراء کے گروپ کی کوئی سفارشات موصول نہیں ہوئی ہیں اور نہ ہی GST کی شرحوں میں تبدیلی کے بارے میں کوئی بات چیت کی گئی ہے۔×

## PARLIAMENT BLOCKADE

لوک سبھا سکریٹریٹ نے پارلیمنٹ ارکان سے درخواست کی ہے کہ وہ، پارلیمنٹ ہاؤس کے دروازوں کے سامنے احتجاج یا مظاہرے نہ کریں۔ سکریٹریٹ نے یہ بھی کہا ہے کہ اس طرح کی کارروائیوں سے ایوان کے اجلاس کے دوران پارلیمنٹ کے راستے میں بڑی رکاوٹ آتی ہے۔ اُس نے اس سلسلے میں لوک سبھا اسپیکر کی طرف سے جاری ہدایات کی طرف بھی توجہ مبذول کرائی ہے۔ لوک سبھا سکریٹریٹ نے کہا کہ پارلیمنٹ کے دروازوں پر کوئی رکاوٹ نہ ہو، یہ اس لئے بھی لازمی ہے کہ پارلیمنٹ ہاؤس میں ارکان کی حفاظت اور سلامتی کو یقینی بنایا جائے۔×

**MP TIGER RESERVE**

مرکزی حکومت سے منظوری کے بعد Ratapani کو مدھیہ پردیش کی شیروں کی آٹھویں پناہ گاہ قرار دیا گیا ہے۔ مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے کہا کہ یہ مدھیہ پردیش کے لیے بڑا تحفہ ہے اور اَب ریاست واقعتاً شیروں کی ریاست بن گئی ہے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے : **V/C Sanjeev Sharma**

*مدھیہ پردیش کے وزیراعلیٰ ڈاکٹر موہن یادو نے وزیراعظم نریندر مودی کا شکریہ ادا کرتے ہوئے کہا کہ انھوں نے ہمیشہ مدھیہ پردیش کی جنگلاتی زندگی کے تحفظ اور اُسے فروغ دینے کو ترجیح دی ہے۔ Ratapani کی شیروں کی پناہ گاہ میں 90 شیر اور دوسرے جنگلی جانور رہتے ہیں۔ Ratapani کو شیروں کی پناہ گاہ قرار دینے جانے سے اِس علاقے میں سیاحت کی حوصلہ افزائی ہوگی۔ اِس کے علاوہ مرکزی اور ریاستی حکومت، اور شیروں کے تحفظ کی قومی اتھارٹی کی جانب سے بجٹ مختص کیے جانے سے جنگلاتی زندگی کا بہتر طریقے سے بندوبست کیا جا سکے گا۔*

*بھوپال سے سنجیو شرما کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کیلیے......*

**BREAK**

یہ خبرنامہ آکاشوانی سے نشر کیا جارہا ہے۔

**GONG**

**INDIA COP-16**

ماحولیات و جنگلات اور آب و ہوا کی تبدیلی کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے، بنجر ہوتی ہوئی زمین اور مجبوری میں کیے جانے والے ترکِ وطن پر اِس کے اثرات سے نمٹنے کے لیے بین الاقوامی تعاون کی، فوری ضرورت پر زور دیا ہے۔ وہ سعودی عرب کی راجدھانی ریاض میں Cop 16 کے دوران، زمین کو بنجر بنائے جانے کی روک تھام سے متعلق، اقوام متحدہ کنونشن میں، ترکِ وطن کے بارے میں، وزارتی مذاکرات میں اظہار خیال کر رہے تھے۔

تفصیل ہمارے نامہ نگار سے: **V-C : Vinod Kumar**

*ترکِ وطن سے متعلق وزارتی مذاکرات کے دوران جنگلات کے مرکزی وزیر بھوپیندر یادو نے کہا کہ ترکِ وطن ایک دیرینہ عمل ہے، جو بہتر موقعوں کی تلاش میں کیا جاتا ہے۔ انہوں نے کہا کہ ہم یہاں، گزر بسر کی تلاش میں، مجبوری میں کیے جانے والے ترکِ وطن پر بات کر رہے ہیں۔ زمین کی ابتر ہوتی ہوئی حالت اور خشک سالی کی وجہ سے، مٹی کی زرخیزی میں کمی آجاتی ہے اور لوگوں کو گزر بسر*

میں دشواری ہونے لگتی ہے۔ جو زمین بنجر ہو گئی ہے، اُس میں سے 2030 تک، دو کروڑ 60 لاکھ ہیکٹیئر زمین بحال کرنے کے، وزیراعظم نریندر مودی کے 2019 کے عہد کا ذکر کرتے ہوئے، مرکزی وزیر نے، زمین کی ابتر ہوتی ہوئی حالت کے مسئلے سے نمٹنے کے لیے بھارت کے جامع طریقۂ کار پر زور دیا۔ ملک نے بہت سے اختراعی پروگراموں پر عمل درآمد کیا ہے جس میں پانی کے ذخیروں کو تازہ کرنے کے لیے امرت سَروَور اقدام اور کسانوں کو، مٹی کی زرخیزی سے متعلق کارڈ تقسیم کرنا بھی شامل ہے۔ بھارت کی حکمتِ عملی میں، تکنیکی اور مالی دونوں طریقۂ کار شامل ہیں جس کے تحت زرعی سرگرمیوں میں مدد دینے کے لیے علاقائی دیہی بینکوں کے ذریعے بہت چھوٹے قرض بھی دیے جا رہے ہیں۔ ملک نے مٹی اور پانی کے بندوبست کے لیے جدید ٹیکنولوجیز کو بھی اپنایا ہے جس میں خلائی ٹیکنالوجی، جغرافیائی جانکاری کے نظام اور مصنوعی ذہانت AI بھی شامل ہے۔

دبئی سے ونود کمار کی رپورٹ کے ساتھ خبرنامے کے لیے میں .......

بھارت نے، اُن ترقی پذیر ملکوں کو ٹیکنالوجی میں کی گئی پیش رفت کے بارے میں بتائے جانے کی اہمیت پر زور دیا، جنھیں زمین کی ابتر ہوتی ہوئی حالت کا مسئلہ درپیش ہے، اور جن کے لیے ''زمین پر زندگی اور امن و انصاف'' سے متعلق، پائیدار ترقیاتی مقاصد حاصل کرنے کی غرض سے، اِس طرح کا اشتراک ضروری ہے۔

وزیر موصوف نے اپنے بیان میں زمین کی ابتر ہوتی ہوئی حالت اور مجبوری میں کیے جانے والے ترکِ وطن، خاص طور پر کمزور آبادیوں پر اِس کے غیر متناسب اثرات کو اُجاگر کیا۔ بھارت نے اپنے تجربات کا اظہار کرتے ہوئے کہا کہ علاقائی اشتراک اور فطرت پر مبنی طریقۂ کار، اِن باہم مربوط چیلنجوں سے نمٹنے کے لیے لازمی ہیں۔x

## UK BANGLADESH TRAVELLING ADVISORY

برطانیہ نے اپنے شہریوں کے لیے بنگلہ دیش کے سفر سے متعلق ایڈوائزری جاری کی ہے اور کہا ہے کہ دہشت گرد بنگلہ دیش میں حملوں کی کوشش کر سکتے ہیں۔ برطانیہ کے غیر ملکی، دولتِ مشترکہ اور ڈیولپمنٹ آفس، FCDO نے وارننگ جاری کرتے ہوئے کہا ہے کہ بنگلہ دیش میں غیر ملکی شہریوں کی بھیڑ بھاڑ والے علاقوں جیسے مذہبی مقامات اور سیاسی ریلیوں میں اندھا دھند دہشت گردانہ حملے ہو سکتے ہیں۔ ایڈوائزری میں مزید کہا گیا ہے کہ کچھ گروپوں نے اُن لوگوں کو نشانہ بنایا ہے جن کے طرزِ زندگی کو وہ اِسلام کے مخالف سمجھتے ہیں۔ ایڈوائزری کے مطابق ملک میں اقلیتی مذہبی برادریوں اور پولیس اور سیکیورٹی فورسز پر بھی حملے ہوتے رہے ہیں۔ اِن میں بڑے شہروں میں کیے گئے IED حملے بھی شامل ہیں۔

بنگلہ دیش کی سیاسی صورتحال کے بارے میں برطانیہ نے جولائی اور اگست میں کہا تھا کہ پورے بنگلہ دیش میں تشدد پھیل گیا ہے، جس کے نتیجے میں کئی جانیں تلف ہوئیں اور کئی لوگ زخمی ہوگئے۔x

**UK MPs BANGLADESH HINDOUS**

اِس دوران برطانیہ کے اراکین پارلیمنٹ نے بنگلہ دیش میں ہندوؤں کی نسل کشی پر تشویش کا اظہار کیا ہے۔ برطانیہ کی پارلیمنٹ کے ایوانِ زیریں میں بنگلہ دیش کی تشویشناک صورتحال پر **Urgent Issue** پیش کیا گیا۔ کنزرویٹیو پارٹی کی رکن پارلیمنٹ پریتی پٹیل نے بنگلہ دیش کی صورتحال کو انتہائی تشویش ناک قرار دیا۔

ملک میں تشدد، توڑ پھوڑ اور ہندو اقلیتی برادری کو نشانہ بنانے کے بڑھتے واقعات کا حوالہ دیتے ہوئے محترمہ پٹیل نے کہا کہ بنگلہ دیش کے کئی حصوں میں جاری تشدد بے قابو ہوگیا ہے۔ ایک دیگر رکنِ پارلیمنٹ **Bob Blackman** نے کہا کہ بنگلہ دیش میں ہندوؤں کے گھر جلائے جا رہے ہیں اور اُن کے کاروبار لوٹے جا رہے ہیں۔ انھوں نے کہا کہ یہ بنگلہ دیش میں ہندوؤں کی نسل کشی کی واضح کوشش ہے۔ وہیں لیبر پارٹی کے رکن پارلیمنٹ **Barry Gardiner** نے بنگلہ دیش کی صورتحال پر بحث کے لیے برطانوی پارلیمنٹ کا ہنگامی اجلاس طلب کیے جانے کا مطالبہ کیا۔x

**SOUTH KOREA MARTIAL LAW**

جنوبی کوریا کے صدر **Yoon Suk Yeol** نے، ایمرجنسی مارشل لاء ختم کرنے کا اعلان کیا ہے۔ انہوں نے یہ اعلان پورے سیاسی منظرنامے کو دیکھتے ہوئے، قانون ساز ارکان کی طرف سے ایک بڑے دھچکے کے بعد، قومی آسمبلی میں مارشل لاء ختم کرنے کیلئے ووٹ دیئے جانے کے بعد کیا ہے۔ اُن کی کابینہ نے اچانک مارشل لاء نافذ کئے جانے کے اعلان کے تقریباً **6** گھنٹے بعد، اِسے ختم کرنے کی ایک تحریک کو منظوری دی۔ جوائنٹ چیفس آف اسٹاف نے تصدیق کی ہے کہ جن فوجیوں کو، مارشل لاء نافذ کرنے کیلئے بھیجا گیا تھا، وہ اپنے اپنے ٹھکانوں پر واپس آگئے ہیں اور معمول کے حالات بحال ہوگئے ہیں۔

جنوبی کوریا کی اپوزیشن 'ڈیموکریٹک پارٹی' کے، ایوان کے رہنما **Park Chan-dae** نے، صدر **Yoon** پر ملک سے غداری کا الزام عائد کرتے ہوئے، اُن سے مطالبہ کیا ہے کہ وہ مارشل لاء کے اپنے اعلان کی وجہ سے، فوری طور پر استعفیٰ دیں۔ کل رات دیر گئے صدر **Yoon** نے ٹیلی ویژن پر اپنے خطاب میں مارشل لاء نافذ کرنے کے اپنے قدم کو، شمالی کوریا کی کمیونسٹ فوجوں سے، ملک کو محفوظ کرنے اور ملک مخالف عناصر کو ختم کرنے کیلئے، لازمی قرار دیا تھا۔x

**SPORTS**

ہاکی میں دفاعی چیمپین بھارت آج شام عمان کے مسقط میں مردوں کے جونیئر ایشیا کپ ہاکی کے فائنل میں روایتی حریف پاکستان کا سامنا کرے گا۔ یہ میچ بھارتی وقت کے مطابق رات ساڑھے آٹھ بجے شروع ہوگا۔ کل دوسرے سیمی فائنل میچ میں بھارت نے ملیشیا کو تین۔ایک سے شکست دی تھی۔ **19** سال سے کم عمر کے ایشیا کپ کرکٹ ٹورنامنٹ میں آج صبح ساڑھے دس بجے شارجہ کرکٹ اسٹیڈیم میں بھارت کا مقابلہ میزبان **UAE** سے ہوگا۔

عالمی شطرنج چیمپئن شپ کے دوسرے دور میں آج بھارت کے گرانڈ ماسٹر **Dommaraju Gukesh** چین کے دفاعی چیمپئن **Ding Liren** کے درمیان **14** میچوں کی سیریز کے آٹھویں میچ میں آج سنگاپور کے **World Sentosa** ریزارٹ میں کھیلا جائے گا۔ کھیلوں میں بھارت آج ہاکی، کرکٹ، شطرنج اور ہینڈ بال میں اہم میچ کھیلے گا

**IMD WEATHER**

بھارتی محکمہ موسمیات نے آج کے لیے کونکن، گوا، وسطی مہاراشٹر، تمل ناڈو، پڈوچیری، کرائیکل، کیرالہ، ماہے، لکشدیپ، ساحلی آندھرا پردیش، یانم اور رایل سیما میں بجلی کی گھن گھرج کے ساتھ دھول بھری آندھی چلنے کی پیشگوئی کی ہے۔

محکمہ موسمیات نے کہا کہ لکشدیپ کے علاقے، متصلہ جنوب مشرقی بحیرۂ عرب اور مشرقی وسطی بحیرۂ عرب کے جنوبی علاقوں میں طوفان جیسے موسمی حالات برقرار رہیں گے۔ محکمہ موسمیات نے ماہی گیروں کو مشورہ دیا ہے کہ وہ اِن علاقوں میں سمندر میں نہ جائیں۔ وہیں دلی اور قومی راجدھانی خطے میں رات اور علی الصبح کے اوقات میں درمیانی درجے کی دھند اور دھواں چھائے رہنے کا امکان ہے۔ **x**

**DELHI POLLUTION**

قومی راجدھانی دلّی میں ہوا کی کوالٹی میں بہت ہی معمولی بہتری آئی ہے۔ البتہ یہ اب بھی خراب زمرے میں ہے۔ آج صبح سات بجے ہوا کی کوالٹی کا انڈیکس کا اوسط **227** پر تھا۔ آلودگی کی روک تھام کے مرکزی بورڈ کے مطابق شہر کے کچھ علاقوں میں یہ انڈیکس **250** کی سطح سے بھی پار کرگیا تھا۔**x**

**NAMIBIA PRESEDENT**

نامیبیا میں برسرِ اقتدار **South West Africa People's Organisation** پارٹی کی **Netumbo Nandi-Ndaitwah** نے ملک کا آٹھواں صدارتی انتخاب جیت لیا ہے۔ اِس کے ساتھ ہی وہ نامیبیا کی پہلی خاتون صدر بن گئی ہیں۔ انتخابی کمیشن نے اعلان کیا کہ انھوں نے **57** فیصد سے زیادہ ووٹ حاصل کیے ہیں، جبکہ اُن کے قریبی حریف **Panduleni Itula** کو **26** فیصد ووٹ ملے ہیں۔**x**

**IN-SPACE-SKILL DEVELOPMENT**

ہنر مندی کے فروغ اور کاروبار کی وزارت کے تحت، پیشہ ورانہ تعلیم وتربیت کی قومی کونسل نے، خلائی فروغ اور اختیارات تفویض کرنے والے بھارت کے قومی مرکز **IN-SPACe** کو، سرٹیفکٹ تفویض کرنے والے ادارے کے طور پر تسلیم کرلیا ہے۔

اس کا مقصد خلاء کے شعبے میں پیشہ ورانہ تعلیم وتربیت کے منظرنامے کو مستحکم کرنا ہے۔ اس سے متعلق ایک معاہدے پر ہنر مندی کے فروغ اور کاروبار کی وزارت کے سکریٹری کی موجودگی میں دستخط کئے گئے۔ IN-SPACe، خلاء کے محکمے کے تحت ایک خود مختار ایجنسی کے طور پر کام کرتا ہے۔x

یہ خبریں ہماری ویب سائٹ: news on air.com slash urdu پر بھی دستیاب ہیں۔

GONG

PRESS COMMENTS

اب اخبارات کے آئینہ کے ساتھ ہیں: ...... توحید حقانی

شکریہ ۔ضمیر رضوی

قومی راجدھانی دلی سے شائع ہونے والے آج کے بیشتر اردو اخبارات نے الگ الگ خبروں کو شہ سرخی بنایا ہے۔ روزنامہ راشٹریہ سہارا اور ملاپ نے وزیراعظم نریندر مودی کے ذریعے نئے فوجداری قوانین کو قوم کے نام وقف کیے جانے کی خبر کو شہ سرخی بناتے ہوئے لکھا ہے، ملک کو انگریزی قوانین سے ملی آزادی۔ تین نئے قوانین سزا کیلئے نہیں انصاف کیلئے بنائے گئے ہیں۔

روزنامہ پرتاپ، ہندوستان ایکسپریس اور ملاپ سمیت دیگر کئی اخباروں نے وزیر خارجہ ڈاکٹر ایس جے شنکر کے پارلیمنٹ میں دیئے گئے اس بیان کو سرخی بنایا ہے کہ ''بھارت اور چین کے تعلقات بہتری کی طرف گامزن، LAC پر اَمن برقرار۔

صدرِ جمہوریہ دروپدی مرمو کی جانب سے معذور افراد کے بین الاقوامی دن کے موقع پر نیشنل ڈس ایبلٹی امپاورمنٹ ایوارڈ 2024 پیش کئے جانے کی خبر کو روزنامہ پرتاپ نے پہلے صفحے پر شائع کیا ہے۔ اِس کے علاوہ ہندوستان ایکسپریس نے اسٹاک مارکیٹ میں مسلسل تیسرے دن تیزی اور مثبت رجحان کی خبر کو اپنے پہلے صفحے پر جگہ دی ہے۔x

آخر میں خاص خاص خبریں ایک بار پھر

1 مہاراشٹر BJP قانون ساز پارٹی، اپنا رہنما منتخب کرنے کیلئے آج ممبئی میں میٹنگ منعقد کرے گی۔

2. اِسرو، آج دوپہر سری ہری کوٹہ سے، یوروپی خلائی ایجنسی کے Proba 3 سیارچے خلاء میں بھیجے گی۔

3. آج بھارتی بحریہ کے دن کی تقریبات منائی جارہی ہیں۔ صدر جمہوریہ دروپدی مرمو، اُڈیشہ کے شہر Puri میں منعقد کی جارہیں اِن تقریبات میں شرکت کریں گی۔

4. برطانیہ نے اپنے شہریوں کو، بنگلہ دیش میں دہشت گردانہ حملوں کے بڑے خطرے سے خبردار کیا ہے۔

5. برطانیہ کے ارکان پارلیمنٹ نے بنگلہ دیش میں ہندو برادری کی نسل کُشی پر تشویش ظاہر کی ہے۔

6. جنوبی کوریا کے صدر نے مارشل لاء نافذ کئے جانے کے چند گھنٹے بعد ہی، اِسے ختم کردیا ہے۔

7. اور : مردوں کے جونیئر ایشیا کپ ہاکی میں بھارت نے ملیشیا کو تین-ایک سے ہرایا اور اب فائنل میں بھارت کا مقابلہ پاکستان سے ہوگا۔

<u>اسی کے ساتھ یہ خبر نامہ ختم ہوا۔</u>

-------------------------------------